19 - میں اور میرا خاندان

ہم اپنے چہیتوں کے ساتھ رہتے ہیں اور ان کی چاہت اور تعاون کا لطف اٹھاتے ہیں۔ اسی قریبی گروہ کو ہم خاندان کہتے ہیں۔ ہمیں ہر قدم پر تعاون اور رہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہماری زیادہ تر ضرورتیں خاندان کے ذریعے ہی پوری کی جاتی ہیں۔ ہماری شخصیت پر خاندان کا گہرا اثر پڑتا ہے۔

مقاصد:

- ☆ موضوع کے بارے میں سابقہ معلومات کی جانچ
- ☆ خاندان کی اہمیت کو سمجھنا
- ☆ خاندان کے اقسام اور ان کے کام کو سمجھنا
- ☆ خاندان ارکان کے درمیان تعلق کی اہمیت

ذیل میں دیئے گئے پیراگراف کو اونچی اور واضح آواز میں پڑھیں۔

لوگ گروہوں میں رہتے ہیں جس کو خاندان کہا جاتا ہے۔ کچھ گروہوں میں تین پیڑھیوں کے لوگ رہتے ہیں۔ مثال کے لیے والد، والدہ، شادی شدہ بچّے اور ان کے بچّے۔ ایسے خاندان کو مشترکہ خاندان کہتے ہیں۔ کچھ گروہوں میں شادی شدہ جوڑے اور ان کے بچّے ہوتے ہیں۔ ایسے خاندان کو مفرد یا اکہرا خاندان کہتے ہیں۔ وہ تمام گروہی طور پر ایک ہی گھر میں رہتے ہیں۔ ان میں سے سبھی ایک دوسرے کو سونپے گئے کام کو پورا کرنے میں ایک دوسرے کو تعاون کرتے ہیں۔

سرگرمی: 1

جماعت کو دو گروہوں میں بانٹیئے۔ ایک گروہ مشترکہ خاندان کے اور دوسرا مفرد یا اکہرا خاندان کے فائدے بتائے گا۔ اس کے بعد اس کے برخلاف، یعنی پہلا گروہ مفرد خاندان کے نقائص اور دوسرا مشترکہ خاندان کے نقائص بتائے گا۔

سرگرمی: 2

ذیل میں دیئے گئے بیانات کے مطابق پرچیاں بنائیں، ہر ایک گروہ کو ایک پرچی اٹھا کر اس میں مذکورہ خاندان کے کام کو مثالی دے کر سمجھانا ہے۔

1. زندگی میں کسی بھی قسم کے خطرے سے تحفظ دیتا ہے۔
2. افرادِ خاندان کے درمیان جذباتی رابطہ کے مواقع فراہم کرتا ہے۔
3. مالیاتی تحفظ فراہم کرتا ہے۔
4. زندگی میں آگے پڑھنے کے لیے سہولتیں فراہم کرتا ہے۔
5. ثقافت اور اقدار کو تفویض کرتا ہے۔
6. تفریح

مباحث کریں:

گھر میں نظم وضبط کا ماحول بنانے کے لیے آپ کیا کریں گے؟ بچّوں میں اچھی عادتیں ڈالنے کے لیے ماں باپ کیا کرتے ہیں؟ اس موضوع پر مباحثہ کریں۔

ذیل میں دیئے پیرا گراف کو بلند اور واضح آواز سے پڑھیں:

خاندانی تعلقات اس بات پر منحصر ہوتے ہیں کہ خاندان کا ہر ایک فرد دوسرے فرد کے ساتھ کس قسم کا برتاؤ کرتا ہے۔ آپسی بھائی چارگی اور مثبت سوچ زندگی کو قابل رسائی بنا سکتے ہیں جب کہ لڑائی اور غصہ افراد خاندان کے درمیان منفی سوچ کو پیدا کر سکتے ہیں۔ خاندان میں ایسے لوگ بھی ہو سکتے ہیں جو اولوالعزم/ بلند نظر، خود مرکوز اور حاسد ہوں جب کہ دوسری طرف ایسے افراد بھی ہو سکتے ہیں جو کہ اپنے لیے کچھ بھی کرنے سے پہلے دوسروں کے آرام و خیر و عافیت یا فلاح و بہبود کا خیال رکھتے ہوں۔ کیا آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ایسے افراد ہوں تو خاندان کی کیا حالت ہوگی؟

سرگرمی: 2

ایک ڈرامے کے ذریعے موضوع کو پیش کریں۔ دو موضوعات اس طرح ہیں۔

1. مشترکہ خاندان میں نئی بہو داخل ہوتی ہے تو اس نئے فرد کے ساتھ خاندان کے افراد کس طرح میل جول پیدا کریں گے۔ اور نئی بہو خود کو اس خاندان میں کس طرح ہم آہنگ کرے گی؟

2. ایک مفرد یا اکہرا خاندان میں دو نوجوان بچے ہیں۔ ان کے گھر ان کی دادی رہنے کے لیے آتی ہے۔ ماں باپ اور بچّے کس طرح دادی کو اپنے خاندان میں شامل کرتے ہیں۔ اور دادی اس خاندان میں کس طرح ہل مل جاتی ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں۔

''ساری دنیا کے لوگ ایک خاندان ہے'' کیا آپ اس محاورہ کی اہمیت جانتے ہیں؟ ہندوستانی عقیدہ کے مطابق پوری دنیا ایک خاندان کی طرح ہے۔ ہندوستانی سماج کی بنیاد ایسی ہی ہے جیسے ایک مضبوط خاندان کا انتظام، اس کے برخلاف یوروپ کے کئی ملکوں میں لوگ آج اکیلے پن اور مایوسی کے شکار ہیں کیوں کہ ان کے خاندان غیر منظّم ہو چکے ہیں۔

اہم الفاظ:

زندگی کے اقدار، مشترکہ، نظم وضبط مصالحت، مثبت، غصہ حسد

لڑکپن: مہم جوئی اور جیا لجس

سن بلوغ یعنی بارہ سال سے اٹھارہ سال تک کا زمانہ لڑکپن کہلاتا ہے۔ یہ ایسا عرصہ وقت ہوتا ہے جب کسی نوجوان شخص کے ذہن اور جسم میں کافی بدلاؤ آتے ہیں۔ اس بدلاؤ کو سمجھ کر آگے بڑھنے میں ہر شخص کو کچھ وقت لگتا ہے۔ زندگی کا یہ وقت کافی چنوتیوں سے بھرا ہوتا ہے۔

مقاصد:

☆ مضمون کے بارے میں سابقہ معلومات کو جانچنا۔

☆ لڑکپن میں ہونے والی جسمانی تبدیلیوں کو سمجھنا۔

☆ لڑکپن کے دوران رونما ہونے والے جذباتی اور سماجی تبدیلیوں کو سمجھنا۔